## سوال

(226)چھوٹے بچوں کے بڑوں کے درمیان کھڑا ہونا کیسا ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

باجماعت نماز میں اکثر لوگ چھوٹے بچوں کو اپنے ساتھ اگلی صف میں کھڑا کر لیتے ہیں جس کی وجہ سے صف عجیب صورت اختیار کر لیتی ہے، کیا ایسا کرنا درست ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تمیز رکھنے والے اور ادب و آداب جاننے والے بچے کا صف میں کھڑے ہونے کا جواز چاہیے۔ خواہ پہلی صف ہی ہو۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما منیٰ میں سواری سے اُتر کر صف میں شامل ہوگئے تھے۔ صحیح البخاری، بَابُ سُتْرَةُ الإِمَامِ سُتْرَةُ مَن خَلفَهُ، رقم :۴۹۳

حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک یتیم بچے نے صف بندی کی تھی۔ صحیح البخاری، باب وضوء الصبیان ...الخ، رقم :۸۶۰

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب المساجد : صفحہ :209

محدث فتویٰ